ilmkidunya
علم کی دنیا

Civics - 9th Class Civics Urdu Medium Chapter 1 Preparation

Q1. علم شہریت فرد کی معاشرتی ترقی میں کیسے معاون ثابت ہوتی ہے.

Ans 1: تمام معاشرتی ادارے فرد کی ترقی اور خوش حالی کے لیے کوشاں ہوتے ہیں. ان کا ھور فرد کی ترقی اور فلاح و بہبود ہے. علم شہریت تما معاشرتی اداروں کو مضبوط بناتا ہے. اور شہریوں میں معاشرتی شعور پیدا کرتا ہے. یہ افراد کے اجتماعی طرز عمل کو بہتربناکر معاشرتی ترقی میں معاون ثابت ہوتے ہیں.

Q2. اخلاقیات سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اخلاقیات انسان کے اخلاق و عادات پر بحث کرتا ہے. اور اچھے اور برے پہلو کا تعین کرتا ہے. یہ علم اخلاق کے قوانین کی تحقیق اور مطالعہ کے بعد انسانی سیرت و کردار کے متعلق اصول وضع کرتا ہے.

Q3. قدیم شہری ریاست کیسی تھی.

Ans 1: قدیم شہری ریاست موجودہ دور کی ریاست کی طرح اپنا ائین رکھتی تھی. جس کے مطابق حکومت کا نظم و نسق طے پاتا تھا اور شہریوں کے حقوق و فرائض کا تعین ہوتا تھا.

Q4. معاشرے سے کیا مراد ہے.

Ans 1: معاشرہ افراد یا ساتھیوں کا گروہ یا مجموعہ ہے.

Q5. معاشی ضروریات کی تکمیل کا علم شہریت سے کیا تعلق ہے.

Ans 1: کوئی معاشرہ اس وقت تک ترقی نہیں کرسکتا جب تک اس کے افراد اقتصادی طور پر مطمئن زندگی بسر نہ کررہے ہوں. اچھا شہری جیسے جو کوئی بھی باوقار پیشہ اختیار کرکے اپنی روزی کماتا ہے. علم شہریت اقتصادی مسائل کا حل بتاتا ہے اور معاشی ضروریات کی تکمیل میں مدد گار ثابت ہوتاہے.

Q6. علم شہریت انسان میں کونسا جذبہ پیدا کرتا ہے۔.

Ans 1: علم شہریت انسان میں وسیع النظری اور بین الاقوامی تعاون کا جذبہ پیدا کرتا ہے.

Q7. اقوام متحدہ کا کیا مقام ہے.

Ans 1: اقوام متحدہ نوع انسانی کی فلاح و بہبود کے لیے منصوبہ بندی کرکے ان کو عملی شکل دیتی ہے.

Q8. علم شہریت کا مقصد کیا ہے۔.

Ans 1: علم شہریت کا مقصد یہ ہےکہ افراد معاشرہ اپنے حقوق و فرائض سے آگاہ ہوسکیں.

Q9. ایف. جی-گولڈ کی علم شہریت کی تعریف بیان کریں.

Ans 1: "علم شہریت ایسے اداروں ، عادات ، سرگرمیوں اور جذبات کے مطالعے کا نام ہے جن کی بدولت کوئی فرد خواہ مرد ، ہو یا عورت اپنے فرائض ادا کرے اور کسی سیاسی گروہ کی رکنیت کے فوائد سے بہرہ مند ہو.

Q10. انسان کو زندہ رہنے کے لیے کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے.

Ans 1: انسان کو زندہ رہنے کے لیے مناسب طبعی ماحول خوراک ، قدرتی وسائل اور ایک اچھے معاشرے کی ضرورت ہوتی ہے. انسان کی ضروریات چونکہ لامحدود ہوتی ہے. جن کو وہ اکیلا پھورانہیں کرسکتا اور ان کو پورا کرنے کے لیے وہ دوسروں کا محتاج ہوتا ہے.